Psychology - FA Part 1 Psychology Urdu Medium Chapter 9 Short Questions Preparation

Q1. عمومی قابلیتوں کی وضاحت کریں.

Ans 1: چارلس سپیئر مین نے ذہانت کو ایک عنصری ذہنی قابلیت یا عمومی ذہانتت کہا ہے.اس کے مطابق عمومی قابلیت سے مراد ذہانت کا کوئی بھی ٹیسٹ کر لینا ہے.

Q2. سپیئرمین نے خصوصی عنصر کس کو قرار دیا؟

Ans 1: سپئر مین کے مطابق ہر ٹیسٹ میں عمومی قابلیت کے علاوہ خصوصی قابلیت بھی پائی جاتی ہے.اس کے مطابق کسی قابلیت کے ٹیسٹ میں فرد کا سکور اس کے factor یعنی خصوصی قابلیے کے عنصر کو ظاہر کرتا ہے.

Q3. مسائل کے حل میں وقوفی اعمال کیا کردار ادا کرتے ہیں؟

Ans 1: مسائل کے حل میں وقوفی اعمال کردار مندرجہ ذیل ہیں 1.مسئلہ کے متعلق غور فکر 2.مسئلہ کے متعلق مواد کا جمع کرنا 3.موازنہ 4.تخمین 5.معروضی چانچ پڑتال

Q4. زبان کے کیا معنی ہیں؟

Ans 1: زبان ایک ایسا ذریعہ ابلاغ ہے.جو بولنے میں لفظی اصوات گونگھے بہروں کی صورت میں حرکات سکنات یا اشاروں میں علامتی اظہار کا حامل ہے.لفظی اصوات یا علامتی اظہار میں مروجہ اصولوں کے مطابق ایک خاص معنی مفہوم پایا جاتا ہے.

Q5. آرمی الفا اور آرمی بیٹا ذہانتی سکیل کی نوعیت سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: آرمی الفائیسٹ آرتھر اوٹس کے آٹھ غیر مطلوبہ ذہنی زباندانی کی آزمائشوں کی ذہنی آزمائشیں تھیں جو ان پڑھ اور ایسے فوجیوں کے لے بنائی گئیں جن کی پہلی زبان انگریزی نہیں تھی.

Q6. وقوف کی تعریف کریں.

Ans 1: وقوف ایک عمومی اصطاح ہے جس میں تمام قسم کے جاننے ،ادراک کرنے،یاد کرنے ،تحیل سے کام لگانے،تخمینہ لگانے اور استدلال کرنے کے اعمال پائے جاتے ہیں.

Q7. وقوف کے کیا معنی ہیں.

Ans 1: وقوف ایک عمومی اصطاح ہے جس میں تمام اقسام کے جاننے ادراک کرنے یاد کرنے ،تخیل سے کام لینے ،تخمینہ لگانے اور استدلال کرنے کے اعمال پائے جاتے ہیں.

Q8. اعلٰی وقوفی اعمال سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: اعلی وقوفی اعمال سے مراد اعلی سطح پر جاننا ،ادراک کرنا.یاد کرنا،تخیل سے کام لینا،تخمینہ لگانا استدلال کرنا وغیرہ مثلا ذہانت ایک اعلی وقوفی عمل ہے.

Q9. ویکسلر نے بچوں کی ذہنی آزمائش کے طریقے میں عمر کی کیا حد مقرر کی ہے؟

Ans 1: پانچ سے پندرہ سال اور گیارہ ماہ.

Q10. پیاجے کے مطابق ذہانت کیا ہے؟

Ans 1: پیاجے کے مطابق ذہانت ماحولی مطابقت کی قابلیت ہے.